© rasailojaraid.com



علوم اثری لائل پور۔ صفحات ۱۷۶، قیمت ۵۰/۴ روپے۔

صحاح ستہ یعنی صحیحین، جامع ترمذی، سنن نسائی، ابوداؤد اور ابن ماجہ کو علمِ دین میں نہایت بلند مقام حاصل ہے۔ یہ وہ اصول کی کتابیں ہیں جن میں رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے معمولاتِ زندگی اور ارشادات کا مکمل اور مستند بیان ملتا ہے۔ قرآنِ پاک کے ساتھ کتبِ صحاح کی موجودگی، اگر ایک طرف اہلِ حق کے لیے نعمتِ دین کے اتمام کا سبب ہے تو دوسری طرف دشمنانِ حق کے راستے کی سب سے بڑی رکاوٹ۔ صحاح ستہ کے ہوتے ہوئے کوئی باطل پسند، سنتِ رسولؐ کی غلط تاویل نہیں کر سکتا۔

زیرِ تبصرہ کتاب میں مذکورہ اہمیت کی حامل چھ کتب اور ان کے مؤلفین رحمہم اللہ کا مختصر مگر علمی و تحقیقی تعارف کرایا گیا ہے۔ ابتداء میں ہر محدّث کے مولد و مسکن، تحصیلِ علم اور فنِ حدیث میں اُن کے مرتبہ و مقام کا تذکرہ ہے۔ اور بعد ازاں اُن کی کتاب کے بارے میں قدرے مفصل معلومات دی گئی ہیں۔ کتاب کا سببِ تصنیف، بیان کردہ روایات کی درجہ وار تفصیل اور جن روایات پر تنقید کی گئی ہے ان کا جائزہ ــــــ مختلف محدثین کی آراء کی روشنی میں لیا گیا ہے۔ آخر میں ہر کتاب کی امتیازی خصوصیات، اس کے رواۃ اور شروح کا ذکر کیا گیا ہے۔

صحاح ستہ اور ان کے مؤلفین' ایک ٹھوس علمی پیشکش ہے جو کتبِ صحاح اور ان کے مؤلفین کے بارے میں پیدا شدہ بعض غلط فہمیوں کا ازالہ کر دیتی ہے۔ ہم ہر اہلِ علم سے بالعموم اور علماء و طلباءِ حدیث سے بالخصوص اس کے مطالعہ کی سفارش کرتے ہیں۔

---

**THIS RELIGION OF ISLAM** — تالیف سیّد قطب شہیدؒ۔ شائع کردہ: انٹرنیشنل اسلامک فیڈریشن آف سٹوڈنٹ آرگنائزیشن پوسٹ بکس ۲۷۱ سٹیٹ کالج ۱۶۸۰۱ Pa. یو۔ ایس۔ اے۔

انگریزی زبان کے اس چھوٹے سے رسالہ میں سیّد قطب شہیدؒ نے دینِ اسلام کے بارے میں بعض بنیادی امور کی وضاحت کی ہے۔ اس میں اسلام کو ایک مکمل، بے نظیر اور آسان ترین نظامِ حیات ثابت کیا گیا ہے جس کا نفاذ سعی و کوشش کے بغیر ممکن نہیں۔ قانونِ اسلام کے بارے میں یہ سمجھنا غلط ہے کہ چونکہ یہ خدا کا نازل کردہ قانون ہے اس لیے انسانی جدوجہد کے بغیر یہ محض معجزانہ طریقے سے معاشرہ میں نافذ ہو

© rasailojaraid.com